رانجھا صاحب فارسی سے اردو ترجمہ کرنے کا اچھا ملکہ رکھتے ھیں اور اگر انہوں نے تراجم کا سلسلہ جاری رکھا تو ان سے کافی توقعات وابستہ کی جا سکتی ھیں۔ موصوف اور اسلامک بک فاؤنڈیشن کے کار پرداز اس پیشکش پر مبارکباد کے مستحق ھیں۔ فاؤنڈیشن نے طباعت کا عمدہ معیار قائم کیا ھے۔

(اختر راھی)

تعارف قران

۸۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب حافظ قاری فیوض الرحمن کی ایک اچھی علمی کوشش ھے جس کو پاکستان بک سنٹر لاھور نے شائع کیا ھے۔ اس میں لفظ ''قرآن،، کی لغوی تشریح، وحی پر مفصل بحث، نزول قرآن اور قرآن کریم کی حفاظت پر دلنشین پیرائے میں گفتگو کی گئی ھے۔ قاری موصوف ایک عرصہ سے گورنمنٹ کالج ایبٹ آباد میں علوم اسلامیہ کے استاذ ھیں۔ وہ طلبہ کی نفسیات اور ذھنی ساخت سے بخوبی واقف ھیں۔ اور یہ کتاب چونکہ طلبہ ھی کے لئے لکھی گئی ھے اس لئے اپنے مقصد میں پوری طرح کامیاب ثابت ھوئی ھے۔ البتہ جہاں انھوں نے قرآن مجید کے اھم اردو تراجم کا ذکر کیا ھے وھاں انھوں نے مولانا احمد رضاخاں کے ترجمے کو نظر انداز کردیا ھے۔ کتاب کی طباعت عمدہ ھے۔ قیمت صرف ایک روپیہ پچاس پیسے ھے جو زیادہ نہیں ھے۔

(جی اے حق محمد)